# مشن کا
# بیان

**متنوع برادریوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو تعلیمی، ملازمتی اور سماجی خدمات فراہم کرکے انہیں کامیابی سے ہمکنار ہونے اور اپنی تمام تر لیاقت حاصل کرنے کا اختیار عطا کرنا۔**

# بصیرت

ایک خوشحال اور جامع کینیڈا جس کی تعمیر ہر فرد کی کامیابی پر ہو۔

# اقدار

**قیادت**

- ہم اپنی برادری میں مثبت تبدیلی کے لیے کھڑے ہوتے اور اس کے لیے کارروائی کرتے ہیں۔

**تکثیریت**

- ہم ہر فرد کی تفریقات اور ان کے منفرد تعاون کی قدر اور ان کا احترام کرتے ہیں۔

**تفویض اختیار**

- ہم ہر فرد کی صلاحیت کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کے فروغ اور خود-انحصاریت کی سہولت بہم پہنچاتے ہیں۔

**جذبہ**

- ہم ایک دوسرے کا تعاون کرتے اور ان کا خیال رکھتے ہیں۔

**عمدگی**

- ہم اپنے تمام تر اعمال میں اعلی ترین معیارات کے پابند عہد ہیں۔

**اختراع**

- ہم تبدیلی کو گلے لگاتے ہیں، مسلسل اصلاح کا تعاون کرتے ہیں اور نئی تدابیر کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

**جوابدہی**

- ہم جس کام کا وعدہ کرتے ہیں وہی کرتے ہیں۔

# COSTI کے بارے میں

1952 سے ایک متنوع معاشرے کی ضرورتیں پورا کرنے میں مصروف، **COSTI امیگرنٹ سروسز (COSTI Immigrant Services)** برادری پر مبنی ایک کثیر ثقافتی ایجنسی ہے جو سبھی تارک وطن برادریوں، کینیڈا کے نئے باشندوں اور اعانت کے طالب افراد کو ملازمت، تعلیمی، بندوبست اور سماجی خدمات فراہم کر رہی ہے۔

COSTI خدمات کی منصوبہ بندی، تیاری، اور فراہمی میں کلائنٹ پر مرتکز، انتہائی فعال اور اختراعی طریقہ استعمال کرکے معاشرتی خدمات میں قائد بننے کی کوشش کرتی ہے۔ ہمارے پروگرام یقینی بناتے ہیں کہ لسانی یا ثقافتی رکاوٹوں سے قطع نظر، کینیڈا میں پہنچنے والے افراد معلومات تک رسائی حاصل کرنے، اپنی موجودہ صلاحیتوں کو استعمال کرنے اور ایسی نئی صلاحیتیں سیکھنے پر قادر ہیں جو کینیڈین معاشرے کے سبھی پہلوؤں میں وسیع پیمانے پر اور گہرائی کے ساتھ شمولیت اختیار کرنے کی ان کی اہلیت کو بڑھاتی ہیں۔

ٹورنٹو، یارک علاقہ اور پیل کے علاقہ میں 18 مقامات سے کام کرتے ہوئے، COSTI زائد از 60 زبانوں میں خدمات فراہم کرتی ہے۔ ہم نے اعانت حاصل کرنے میں 39,000 سے زائد افراد کی مدد کی۔

خدمات اور پروگراموں میں شامل ہیں:

- بین الاقوامی سطح پر تربیت یافتہ افراد کے لیے خصوصی نوعیت کی ملازمتی خدمات نیز معلومات اور مناسب خدمات کے نام حوالہ، ملازمتی تشخیص اور مشاورت، ورک پلیسمنٹ، نوکری کی تلاش سے متعلق تربیت اور بالغوں و جوانوں کے لیے نوکری کی تیاری۔
- انگریزی زبان (ESL اور LINC)، صلاحیتوں کی تربیت اور بہتر لسانی تربیت (Enhanced Language Training, ELT) پروگرامز۔
- حال ہی میں آنے والے تارکین وطن کے لیے بندوبست کی خدمات بشمول تعارفی پروگرام، معلومات، مشاورت اور ثقافتی ترجمانی۔
- بودوباش اختیار کردہ ان تارکین وطن کے لیے بندوبست سے قبل کا تعاون جہاں مسلسل سماجی اور حکومتی خدمات مطلوب ہیں۔
- حکومت سے اعانت یافتہ پناہ گزینوں، پناہ گزینی کے دعویداروں اور نجی طور پر کفالت کردہ پناہ گزینوں کے لیے رہائش اور بندوبست میں تعاون۔
- اہل خانہ کے لیے مشاورت اور ذہنی صحت خدمات۔
- بے دخلی کا سامنا کر رہے خاندانوں یا حاشیائی طور پر رہائش یافتہ خاندانوں کے لیے رہائش میں تعاون۔
- تارک وطن خواتین کی زندگیوں میں آنے والی رکاوٹوں پر قابو پانے اور مواقع تک رسائی حاصل کرنے میں ان کے لیے مدد۔
- بزرگوں کی ضروریات کے ساتھ مخصوص خدمات تاکہ ایک تسلی بخش اور پروقار زندگی کی سمت بڑھنے میں ان کی مدد کی جائے۔
- ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات۔

# پیشرفت میں ایک تاریخ

1952 سے ہی COSTI ضرورتمند افراد کے لیے حاضر و ناظر ہے۔ ٹورنٹو میں حالیہ تارکین وطن کی ضروریات کے مدنظر تشویش سے ما وراء، COSTI (اس وقت کی Italian Immigrant Aid Society) کی بنیاد 1952 میں رکھی گئی تھی۔ کئی دہائیوں میں شہر تبدیل ہو گیا ہے، لہذا COSTI کے جوابی اقدامات بھی بدل گئے ہیں۔

COSTI کا آغاز، 1981 میں، خدمت سے متعلق دو اہم ایجنسیوں COSTI (سابقہ Centro Organizzativo Scuole Tecniche Italiane) اور IIAS (Italian Immigrant Aid Society) کے ضم ہونے کے ساتھ ہوا، اور دونوں ہی تارک وطن برادری میں خدمت انجام دینے کی ایک طویل اور قابل فخر تاریخ کی حامل تھیں۔

COSTI ایک کثیر ثقافتی تنظیم ہے جس نے ہمیشہ ہی برادری میں مخصوص ضروریات سے پیدا شدہ وسیع پیمانے کی خدمات اور مواقع پیش کیے ہیں۔ اسے ٹورنٹو اور پیل اور یارک کے علاقوں کے وسیع اور انتہائی متنوع حلقہ انتخاب کا ٹھوس تعاون حاصل ہے۔ COSTI نے ارتقاء حاصل کرکے آج کی تنظیم کی حیثیت حاصل کی ہے کیونکہ اس کے رضاکار قائدین اور حوصلہ مند عملہ نے تبدیلی پر اثر ڈالنے کے ایک مضبوط پیمان عہد کے ساتھ کام کیا ہے۔

## 1950 – دوسروں کی مدد کرنے کی ایک روایت قائم کرنا

1952 میں تشکیل یافتہ، IIAS نے ایک ایسی تنظیم کی حیثیت سے عروج حاصل کیا جس کا اصل مقصد اطالوی نو واردین کو زندگی کی بنیادی ضرورتیں فراہم کرنا تھا۔ ٹورنٹو کے یونین اسٹیشن پر تارکین وطن سے مل کر، IIAS کے کارکنان رہائش اور ملازمت میں ان کی اعانت کریں گے، اور تمہیدی اجلاس اور مشاورت کے ساتھ ان کی متابعت کریں گے جو نو واردین کو ان کے نئے ملک میں مزید آسودہ خاطر ہونے میں ان کی مدد کے لیے بنائے گئے ہیں۔

## 1960 – برادری میں اتحاد کو استحکام بخشنا

دس سال بعد، 1962 میں، COSTI کی تشکیل حالیہ اطالوی تارکین وطن کی مدد کرنے کے لیے ہوئی تھی تاکہ وہ کینیڈا میں اپنے ٹریڈز کی پریکٹس کے لیے مطلوب پیشہ ورانہ لیاقتیں حاصل کر سکیں۔ عمل آوری کے اپنے ابتدائی دنوں میں، COSTI کے پروگراموں کی اساس ٹورنٹو میں واقع ایک چرچ میں تھی، جو بالآخر 136 بیورلی اسٹریٹ میں ایک پرانی غیر استعمال شدہ حویلی میں منتقل ہو گئی۔

تارکین وطن کو انگریزی زبان کے لائسنس یافتگی والے امتحانات کے لیے تیار کرنے کے واسطے، جو انہیں کینیڈا میں کام کرنے کے واسطے پاس کرنا ضروری تھا، COSTI کے کارکنان نے انگریزی زبان کی تدریس کے پروگراموں کا اہتمام کیا۔ کلائنٹس کی تعداد بڑھنے کے ساتھ، صرف حرفتی مشاورت ہی نہیں، بلکہ عمومی اور کنبہ جاتی مشاورت کی ضرورت کا بھی گمان ہوا۔

COSTI میں پیش کردہ پروگراموں کی سہولیات کا دائرہ جلد ہی وسیع ہو گیا، اور اس تنظیم نے اس علاقے کے متعدد تکنیکی تعلیمی مراکز کی شراکت میں کام کرنا شروع کیا۔ 1966 میں، Workers' Compensation Board نے (جو Workplace Safety and Insurance Board کے نام سے بھی معروف تھا) زخمی کارکنان کی باز بحالی کے لیے ایک پروگرام شروع کرنے کے واسطے COSTI سے معاہدہ کیا۔ اس پروگرام نے نمایاں حد تک عروج حاصل کیا، جس نے سالوں تک بے شمار زخمی کارکنان کی زندگیوں پر اثر ڈالا۔

## 1960 – جاری

1960 کے اواخر تک، ایجنسی نے پورے ٹورنٹو، ہیملٹن اور نواحی نارتھ یارک میں مشاورتی دفاتر کھول لیے۔ تقریباً اسی وقت COSTI ایک United Way کی ممبر ایجنسی بن گئی، اور اس نے اپنی خدمات کا دائرہ وسیع کرکے اٹلی کے تارکین وطن کے علاوہ دیگر ممالک کے تارکین وطن کو بھی اس میں شامل کر لیا۔

## 1970 – کثیر ثقافت پسندی

1970 کے دوران، کینیڈا آنے والے پناہ گزینوں کے لیے امداد کو شامل کرنے کے واسطے COSTI کی خدمات میں ایک بار پھر توسیع ہوئی۔ بہت سارے ویتنامی "کشتی پرسوار افراد" کی اصل تعلیمی سطح کی تصدیق کرنے کے لیے ان کی بڑھتی ضرورتوں کو تسلیم کرتے ہوئے، COSTI نے جارج براؤن کالج کے اشتراک سے امتحان اور تصدیق کی ایک کارروائی کو فروغ دیا، جو کینیڈا میں اپنی نوعیت کا پہلا پروگرام ہے۔

## 1980 – ایک مشترک بصیرت

IIAS کے اور COSTI کے اہداف اور کام میں یکسانیتوں کو تسلیم کرتے ہوئے، دو ایجنسیوں کو ضم کرنے کے لیے 1980 میں گفت و شنید شروع ہوئی۔ 24 جنوری 1981 کو، یہ ہدف حاصل ہو گیا اور یہ تنظیمیں COSTI-IIAS Immigrant Services کے باضابطہ نام کے تحت ضم ہو گئیں۔

## 1990's – رکاوٹوں کو ختم کرنا

COSTI کو 1990 کے دوران افزائش اور ارتقاء کے ایک حیرت انگیز دور کا سامنا ہوا۔ بین الاقوامی سطح پر تربیت یافتہ پیشہ ور افراد کی ضرورتوں کو حل کرنے پر مرکوزیت کے ساتھ، COSTI اس برادری میں قیادت کی فراہمی میں ایک کلیدی درجہ رکھتی تھی جس کے لیے اس نے خدمت کی فراہمی کے ایسے منفرد نمونے فروغ دیے جن سے بین الاقوامی عملی تجربہ کے ساتھ کینیڈا پہنچنے والے افراد کی ضرورتیں پوری ہوئیں۔ 1997 میں قائم شدہ اور اپنی نوعیت کا اولین، بین الاقوامی سطح پر تربیت یافتہ پیشہ ور افراد کے لیے COSTI کے مرکز نے پیشہ ور افراد کو ان کی مہارت کے شعبے میں جائے کار میں جامع عملی تجربہ فراہم کیا۔

## 2000 – COSTI اور برادری

برادری کے ساتھ COSTI کے باہمی اتحاد اور شراکت میں 2,000 کے دوران نمایاں حد تک اضافہ ہوا۔ اس تنظیم نے 2001 میں پہلے African Canadian Council کی میزبانی اور اس کا اہتمام کیا، جس نے افریقیوں کی خدمت میں مصروف 51 تنظیموں اور براداری کے افراد کو اس ارتقاء پذیر برادری کی خدمات کی منصوبہ بندی اور وسیع تر باہمی ربط ضبط کی ضرورت پر گفتگو کرنے کے لیے ایک کانفرنس میں مجتمع کیا۔ کانفرنس کے نتیجے میں African Canadian Social Development Council کی تخلیق ہوئی، جس کا فرمان خدمات میں ربط ضبط بنانا، تربیت فراہم کرنا اور مزید جوابدہ عوامی پالیسی کی حمایت کرنا تھا۔ COSTI نے اس کے ٹرسٹی کا کام کیا۔

2007 میں، چار دیگر شریک تنظیموں کے ساتھ مل کر، ویلکم سنٹر امیگرنٹ سروسز کے شراکتی ماڈل کی تشکیل ہوئی تھی۔ COSTI واگھن میں قائم ہونے والے اولین مرکز کا رہنما تھا۔ اواخر سال میں چار مزید مقامات کھل گئے، اور ان میں سے ہر ایک کی رہبری چار دیگر شراکت داروں میں سے ایک نے کی۔ York Region, Welcome Centre Immigrant Services Centres میں ایک یک وقوفی مرکز براہ راست نو واردین کے بندوبست کی ضرورتیں حل کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ اس کے علاوہ، پرتگالی بولنے والی اور ہسپانوی بولنے والی برادریوں میں انفرادی اور اجتماعی مشاورت کی ارتقاء پذیر ضرورت کو تسلیم کرتے ہوئے، COSTI نے کنبہ جاتی اور ذہنی صحت کی اپنی خدمات کو وسیع کرکے 2008 میں ان برادریوں کو شامل کر لیا۔

## حالہ – تیز گام مشغولیت

اب COSTI امیگرنٹ سروسز کے بطور معروف، اس تنظیم کی توسیع اس مقام تک ہو گئی ہے جہاں یہ ہر سال دنیا کے ہر گوشے سے تعلق رکھنے والے 39,000 سے زائد افراد کی اعانت کرتا ہے۔ یوں تو اس کا اصل ابدائی گروپ بدستور حال ہی

میں آنے والے تارکین وطن ہیں، مگر محرومی کے شکار سبھی بالغان، نوجوانوں اور خواتین کو خدمات پیش کرنے کے لیے COSTI کے پروگراموں کا دائرہ وسیع کیا گیا۔

اپنے 400 سے زائد عملہ کے ساتھ، جو مجموعی طور پر 60 سے زائد مختلف زبانوں میں ماہر ہیں، COSTI مثبت تبدیلیاں لانے کے لیے کئی ایک برادریوں سے رابطہ قائم کرنے پر قادر ہے۔

برادری کے ساتھ COSTI کا باہمی اتحاد اور شراکت صوبائی پیمانے کے پروگراموں جیسے Orientation to Ontario Program، جو 2011 میں قائم ہوا، خواتین کے ساتھ بدسلوکی کی نشانیوں کی بابت آگہی بڑھانے کے لیے عوامی تعلیمی مہم International Student Connect and the Neighbours, Friends and Families کے قیام کے ساتھ جاری ہے۔

COSTI COSTI خدمات کی منصوبہ بندی، تیاری، اور فراہمی میں کلائنٹ پر مرتکز، انتہائی فعال اور اختراعی طریقہ استعمال کرکے معاشرتی خدمات میں قائد بننے کی مسلسل کوشش کرتی ہے۔ اس کے پروگرام یقینی بناتے ہیں کہ لسانی یا ثقافتی رکاوٹوں سے قطع نظر، کینیڈا میں پہنچنے والے افراد اپنی موجودہ صلاحیتوں کو استعمال کرنے، نئی صلاحیتیں سیکھنے اور کینیڈین زندگی کے سبھی پہلوؤں میں سرگرمی کے ساتھ شرکت کرنے پر قادر ہوں۔

## پناہ گزینوں کے ساتھ ہمارا کام اور شامی پناہ گزینوں کے بحران پر کینیڈا کا جوابی اقدام

ایک ایسی تنظیم کی حیثیت سے جو تارکین وطن، پناہ گزینوں اور جن برادریوں میں وہ رہتے ہیں ان برادریوں کو خدمات فراہم کرتی ہے، COSTI کینیڈا میں، اور خاص طور پر گریٹر ٹورنٹو کے علاقے میں شامی پناہ گزینوں کو بڑے پیمانے پر قبول کرنے کے جوابی اقدام میں پوری طرح سے شامل تھی، جس سے 2016 کے بعد سے کینیڈا کو 2,200 سے زیادہ شامی پناہ گزینوں کا مسکن بنانے میں مدد ملی۔ کینیڈا میں رہنے کا انتخاب کرنے والے ہر ایک فرد کی طرح، ہم دانشمندانہ طور پر کام کرکے یہ یقینی بناتے ہیں کہ کینیڈا کے نئے شہری اپنی برادریوں میں شامل حال ہیں اور کامیابی حاصل کرتے ہیں۔

آج، COSTI حکومت سے اعانت یافتہ پناہ گزینوں، نجی طور پر کفالت کردہ پناہ گزینوں اور پناہ گزینی کے دعویداروں کے ساتھ بدستور کام کرتی ہے، جو اس بات کو یقینی بنا رہا ہے کہ فراہم کردہ تعاون اور خدمات ان کی مقامی برادری اور نئے ملک میں ان کی شمولیت کو تیز گام کرتی ہیں۔